# What do I need to know if my child gets a formal caution?

## Parent/carer information

# اگر میرے بچے کو رسمی انتباہ ملے تو تو مجھے کیا علم ہونا ضروری ہے؟

## والدین/کیئررز کے لیے معلومات

### تشویشناک طرز عمل کے رسمی انتباہ سے کیا مراد ہے؟

تشویشناک طرز عمل سے مراد انسان کی کوئی ایسی حرکت ہے جس سے خود اسے یا دوسروں کو نقصان پہنچ سکتا ہو یا خطرہ پیش آیا ہو۔ رسمی انتباہ سے طالبعلم کو پتہ چلتا ہے کہ اس کے طرز عمل سے خود اسے اور دوسروں کو نقصان پہنچا ہے یا پہنچ سکتا ہے یا اس کے طرز عمل سے خود اسے یا دوسروں کو خطرہ ہے یا یہ طرز عمل تدریس اور تعلیم کے لیے ناقابل قبول خطرہ ہے۔ اس کا مقصد آپ اور آپ کے بچے کو یہ بتانا ہے کہ اس کے رویّے میں بہتری ضروری ہے۔

رسمی انتباہ سے مراد ایک خط ہے جس میں آپ کے بچےکا تشویشناک طرز عمل درج کیا جاتا ہے۔ اس وقت آپ کے بچے کو معطل نہیں کیا جائے گا۔

### اگر میرے بچے کو رسمی انتباہ ملے تو کیا ہوتا ہے؟

سکول تشویشناک رویّے پر بات چیت کرے گا اور آپ کے بچے کے لیے رسمی انتباہ کی وضاحت کرے گا۔ پرنسپل آپ کو رسمی انتباہ کی تحریری کاپی بھی دے گا۔

رسمی انتباہ کا مقصد آپ کے بچے کو اس کے طرز عمل کے اثرات سمجھنے کے لیے وقت دینا اور مدد کے پلان پر اتفاق کرنا ہے تاکہ اچھے طرز عمل میں مدد دینے کے طریقے اختیار کیے جائیں ۔ سکول آپ اور آپ کے بچے کو ملاقات کا موقع دے گا تاکہ اس کے طرز عمل پر بات چیت کی جائے اور آپ کے بچے کو درکار مدد کی منصوبہ بندی کی جائے یا اس پر نظر ثانی کی جائے ۔

آپ سکول کے ساتھ میٹنگ میں اپنے سہارے کے لیے کسی مددگار کو ساتھ لا سکتے ہیں۔

تشویشناک طرز عمل پر رسمی انتباہ زیادہ سے زیادہ 50 تعلیمی دنوں تک برقرار رہتا ہے۔ اس عرصے میں اگر ایسا طرز عمل دوبارہ واقع ہو یا کوئی اور تشویشناک طرز عمل واقع ہو تو بچے کو معطّل کیا جا سکتا ہے۔

### اگر میرے بچے کو رسمی انتباہ ملے تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟

تقریباً ہر بچہ کبھی کبھار ایسے کام کرتا ہے جو سکول کے اصولوں یا طالبعلموں کے لیے طرز عمل کے ضابطے کے مطابق نہیں ہوتا۔ کبھی کبھار جب ایسا ہو، رسمی انتباہ دیا جائے گا۔ اس بارے میں مزید معلومات دستیاب ہیں کہ اگر سکول میں آپ کے بچے کے مسائل چل رہے ہوں تو آپ کو کیا کرنا چاہیے۔

اگر آپ کے بچے کو رسمی انتباہ ملے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ ایسا طرز عمل ہے جس پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ آپ کے بچے کے طرز عمل کو سنبھالنے اور مل کر حل تیار کرنے کی خاطر آپ کا سکول کے ساتھ تعاون کرنا اہم ہے۔ رسمی انتباہ کے متعلق سکول کے پرنسپل سے بات کریں اور اپنے بچے کی مدد کرنے والی ٹیم کے ساتھ کام کرتے ہوئے کچھ حل نکالیں۔

### اگر یہ طرز عمل دوبارہ واقع ہوا تو؟

اگر پہلے رسمی انتباہ کے بعد 50 تعلیمی دنوں کے اندر اندر تشوِیشناک طرز عمل دوبارہ واقع ہوا تو پرنسپل آپ کے بچے کو معطل کرنے کا فیصلہ کر سکتا ہے۔ آپ کے بچے کو معطّل کرنے کا فیصلہ صرف تبھی کیا جا سکتا ہے جب پرنسپل طرز عمل، آپ کے بچے کی انفرادی ضروریات اور دوسرے بچوں کی ضروریات پر غور کر چکا ہو۔ طالبعلموں کی معطّلی کے متعلق معلومات دستیاب ہیں۔

### اگر پھر بھی میری تشویش باقی ہو تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟

اگر آپ کو سکول میں اپنے بچے کی تعلیم، طرز عمل یا فلاح کے متعلق تشویش ہو تو بہترین نقطۂ آغاز استاد، اسسٹنٹ پرنسپل یا ڈپٹی پرنسپل سے بات کرنا ہے۔ زیادہ تر مسائل کو ان لوگوں سے بات کر کے حل کیا جا سکتا ہے جو آپ کے بچے اور صورتحال سے واقف ہوں۔

کبھی کبھار آپ کو کسی اور سے بات کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ آپ کا سکول آپ کے مقامی ایجوکیشن آفس کی رابطہ تفصیلات دے سکتا ہے جہاں سے آپ کو مدد مل سکتی ہے۔ اگر آپ کے خیال میں آپ کی تشویش کے پیچھے کوئی طبی وجوہ ہیں تو اپنے بچے کے ڈاکٹر سے بات کرنے کے متعلق بھی سوچیں۔

اپنے بچے کے حق میں آواز اٹھانے کے متعلق مزید معلومات دستیاب ہیں نیز سکول کمیونٹی چارٹر کے متعلق معلومات بھی دستیاب ہیں جو سکولوں کے ساتھ کمیونیکیشن کے طریقے واضح کرتا ہے۔

### مجھے سکول سے کونسی معلومات مل سکتی ہیں؟

آپ سکول سے اس بارے میں مزید معلومات مانگ سکتے ہیں کہ کیا ہوا ہے اور کیوں ہوا ہے۔ سکول کو چاہیے کہ آپ کو اپنے فیصلوں کی وجہ بتائے اور یہ بتائے کہ کونسے ایکشن لیے جائیں گے اور اگر آپ کو کوئی مسئلہ ہو تو آپ کیا کر سکتے ہیں۔

### ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس

اگر آپ سکول سے رابطہ کرنا چاہتے ہوں اور آپ کو انگلش زبان کے لیے مدد کی ضرورت ہو تو براہ مہربانی 450 131 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو کال کریں، انہیں اپنی مطلوبہ زبان بتائیں اور آپریٹر سے سکول کو فون کرنے کے لیے کہیں۔ آپریٹر لائن پر ایک انٹرپریٹر مہیا کر دے گا جو بات چیت میں آپ کی مدد کرے گا۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔